**10.05.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

- ☆ سبھی سیاسی پارٹیوں کے سینئر رہنما، لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کی انتخابی مہم میں زبردست طریقے سے مصروف ہیں کیونکہ اب اِس چناؤ مہم کے محض دو دن باقی رہ گئے ہیں۔ اِس مرحلے کے تحت 9 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے 96 حلقوں میں پیر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔
- ☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ذات پات اور مذہب کی بنیاد پر کسی طرح کی تفریق نہیں ہونی چاہیے۔
- ☆ کیرالا سے خلیجی ملکوں تک، ایئرانڈیا کی ایکسپریس پروازیں، مینیجمنٹ اور ملازمین کے درمیان سمجھوتے کے باوجود متاثر رہیں گی۔
- ☆ محکمہ موسمیات نے مشرقی ریاستوں میں اگلے دو دن تک بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔
- ☆ اور...... آئی پی ایل کرکٹ میں احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ چنئی سپر کنگس سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Campaigning**

لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کے لئے چناؤ مہم عروج پر ہے۔ اِس مرحلے کی چناؤ مہم کیلئے صرف دو روز باقی رہ گئے ہیں۔ لوک سبھا انتخابات کے باقی مرحلوں کیلئے بھی انتخابی مہم جاری ہے۔مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما ملک کے مختلف علاقوں میں انتخابی ریلیاں کر رہے ہیں۔

وزیر اعظم اور بی جے پی کے سرکردہ رہنما نریندر مودی آج مہاراشٹر کے قبائلی اکثریت والے ضلع نندور بار میں BJP امیدوار Heena Gavit کی حمایت کیلئے ایک چناؤ ریلی سے خطاب کریں گے۔ Heena Gavit کانگریس امیدوار ایڈوکیٹ Goval Padvi کے خلاف چناؤ میدان میں ہیں۔

وزیر اعظم آج نارائن پیٹ اور حیدرآباد میں دو ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

حیدرآباد کے لال بہادر اسٹیڈیم میں آج شام ہونے والی ریلی، تلنگانہ میں جناب مودی کی آخری چناؤ ریلی ہوگی۔

بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی اترپردیش کے اکبر پور پارلیمانی حلقے میں Ramaipur کے Magrasa میں عوامی جلسے سے خطاب کریں گی۔ آج ریاست میں کئی اہم امیدوار کاغذاتِ نامزدگی داخل کر رہے ہیں جبکہ یہاں بڑے پیمانے پر چناؤ مہم جاری ہے۔

چناؤ مہم کے دوران پہلی مرتبہ سماجوادی پارٹی کے صدر اکھلیش یادو اور کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی آج Kannauj، کانپور اور لکھنؤ میں انتخابی ریلی سے مشترکہ طور پر خطاب کریں گے۔

BJP کے سینئر رہنما اور ریاست کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ گورکھپور اور بہرائچ ضلعوں میں ریلیوں سے خطاب کریں گے جبکہ اتراکھنڈ کے وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی، غازی پور پارلیمانی حلقے سے چناؤ لڑ رہے BJP امیدوار پارس ناتھ رائے کی نامزدگی کے پروگرام میں شامل ہوں گے۔

چوتھے مرحلے کے تحت 10 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے پر محیط 96 پارلیمانی سیٹوں پر اس ماہ کی 13 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِس مرحلے کے لئے کم و بیش ایک ہزار 717 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔x

PM Odisha Campaign

وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی آج سے اوڈیشہ کے دو روزہ دورے پر ہیں۔ جہاں وہ انتخابی مہم چلائیں گے۔ وہ آج یہاں شام بھوبنیشور میں ڈھائی کلو میٹر طویل ایک شاندار روڈ شو کریں گے۔ اس ماہ کی 13 تاریخ کو لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کے تحت یہاں ووٹنگ ہونی ہے اور BJP کا مقصد اس سے پہلے شاندار انتخابی مہم انجام دینا ہے۔

جناب مودی کے روڈ شو کے پیش نظر سکیورٹی کے وسیع انتظامات کئے گئے ہیں جبکہ روڈ شو کی طرف جانے والی تمام سڑکیں اور گلیاں آج دوپہر سے بند رہیں گی۔

جناب مودی آج رات بھوبنیشور میں ہی قیام کریں گے اور کل وہ کندھمال، بالن گیر اور بَرگڑھ لوک سبھا پارلیمانی حلقوں میں تین ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ x

MP Betul Repolling

مدھیہ پردیش میں بیتول کے لوک سبھا حلقے میں چار پولنگ مراکز پر ووٹنگ آج پُر امن طریقے سے ہو رہی ہے۔ ان پولنگ مراکز میں 275 رائے پور، 276، Dudar Rayat، 279، Kund Rayat اور 280، Chikhlimal مراکز شامل ہیں جہاں دوبارہ پولنگ کرائی جا رہی ہے۔
مدھیہ پردیش کے چیف اعلیٰ افسر انوپم راجن نے کہا کہ ووٹنگ صبح 7 بجے شروع ہوئی اور شام 6 بجے تک جاری رہے گی۔ اِن چار پولنگ مراکز میں رائے دہندگان کی تعداد تین ہزار 37 ہے۔
ان مراکز پر 7 مئی کو ووٹنگ ہوئی تھی لیکن ووٹنگ کے بعد EVM مشین لے جانے والی بس میں آگ لگ گئی اور ان پولنگ مراکز کی مشینیں جل کر راکھ ہوگئیں، اس لئے اِن مراکز پر آج پھر سے پولنگ کرائی جا رہی ہے۔
x

Congress Haryana

کانگریس نے ہریانہ میں بی جے پی سرکار سے، تین آزاد ارکان اسمبلی کی طرف سے حمایت واپس لیے جانے کے بعد وہاں صدر راج نافذ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔
نئی دلی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے پارٹی جنرل سکریٹری جے رام رمیش نے کہا کہ ہریانہ سرکار نے اپنی اکثریت صاف طور پر کھو دی ہے اور اُس ریاست میں یہ صدر راج کے لیے بالکل درست صورتحال ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ہریانہ اور مرکز میں بی جے پی اپنے دن گن رہی ہے۔x

BJP Congress

بی جے پی نے، کانگریس رہنما منی شنکر ائیر کی طرف سے، پاکستان کے بارے میں بیانات دیئے جانے کے بعد آج کانگریس پر سخت نکتہ چینی کی ہے۔ جناب ائیر نے مبینہ طور پر کہا تھا کہ بھارت کو پاکستان کا احترام کرنا چاہئے کیونکہ وہ ایک نیوکلیائی طاقت ہے۔
نئی دلی میں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے بی جے پی رہنما اور مرکزی وزیر راجیو چندر شیکھر نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی، پاکستان کے تئیں عاجز ہوگئی ہے جو، دہشت گردی کو فروغ دے رہا ہے۔ جناب چندر شیکھر نے، کانگریس رہنما سیم پترودا کے حال ہی میں دیئے گئے مبینہ قابل اعتراض بیانات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ بیانات، کانگریس پارٹی کے نظریے، پالیسی اور ارادوں کی مثال ہیں۔ x

AAP Price Rise

عام آدمی پارٹی نے آج الزام لگایا ہے کہ بی جے پی، قیمتوں میں اضافے کے سلسلے میں اپنے وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے عام آدمی پارٹی کے رہنما سوربھ بھاردواج نے الزام لگایا کہ ملک موجودہ حکومت کے دوران بھکمری سے متعلق انڈیکس میں افسوسناک کارکردگی کا مظاہرہ کررہی ہے۔ انہوں نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ دیہی اور شہری دونوں ہی علاقوں میں اخراجات کے تناسب سے آمدنی میں اضافہ نہیں ہوا ہے۔x

PM Interview

وزیراعظم نریندر مودی اور سینئر بی جے پی رہنما نریندر مودی نے الزام لگایا ہے کہ کانگریس، مذہب کی بنیاد پر ریزرویشن شروع کرکے، آئین کو تبدیل کرنا چاہتی ہے۔ ایک پرائیوٹ نیوز چینل سے انٹرویو میں جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ انہوں نے کبھی نہیں کہا کہ اُن کی حکومت آئین کو تبدیل کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اِس سے پہلے کانگریس نے اظہار رائے کی آزادی میں تبدیلی کرکے آئین کی روح پر حملہ کیا تھا۔ جناب مودی نے کہا ذات پات اور مذہب کی بنیاد پر کسی طرح کی تفریق نہیں ہونی چاہیئے۔ جناب مودی نے الزام لگایا کہ کانگریس رہنما Sam Pitroda کی طرف سے، بھارتیوں کے بارے میں حال ہی میں کی گئی رائے زنی اِس بات کا ثبوت ہے کہ بقول اُن کے کانگریس کی ذہنیت کیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ بھارت جیسے کسی ملک میں جہاں کرشن کی پوجا کی جاتی ہے، وہاں کالے اور گورے سے کوئی سروکار نہیں ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت کو گوناگونیت میں یکسانیت کی نعمت حاصل ہے۔x

Kerala AI Express

ملازمین اور ایئر لائنز مینجمنٹ کے درمیان طے پائے معاہدے کے باوجود کیرالہ سے مختلف خلیجی ممالک جانے والی ایئر انڈیا ایکسپریس پروازوں کی خدمات بدستور متاثر ہیں۔ کوچن بین الاقوامی ہوائی اڈّے سے دمّام اور مسقط کیلئے روانہ ہونے والی پروازیں آج صبح ردّ کر دی گئیں۔ کنّور بین الاقوامی ہوائی اڈّے سے بھی شارجہ، مسقط، دمّام، دبئی، ریاض اور ابوظہبی روانہ ہونے والی پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ تری ونت پورم سے مسقط اور دوحہ جانے والی بین الاقوامی پروازیں بھی ردّ کر دی گئیں۔ اسی طرح کالی کٹ بین الاقوامی ہوائی اڈّے نے بھی پانچ پروازوں کو ردّ کر دیا ہے۔ x

DRDO

دفاعی تحقیق و ترقی کے ادارے DRDO نے اعلان کیا ہے کہ اُس کی ایک لیب نے جدید طرز کے

Air-Breathing انجن کیلئے رقیق رام جیٹ ایندھن تیار کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے۔ بدھ کو DRDO کی لیباریٹری میں اِس ایندھن کا کامیابی کے ساتھ تجربہ کیا گیا تھا۔

یہ ایندھن، بی پی سی ایل اور منرل آئل کارپوریشن نے مل کر صنعتی طور پر تیار کیا ہے۔x

## MAN Spying for ISI

گجرات کے بھڑوچ ضلعے سے ایک شخص کو پاکستانی خفیہ ایجنسی ISI کیلئے مبینہ طور پر جاسوسی کرنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے۔ پولیس نے کل کہا کہ اس شخص کی پروین مشرا کے طور پر شناخت کی گئی ہے جسے ISI کی سرگرمیاں انجام دینے والے ایک کارندے کی جانب سے ہنی ٹریپ کیا گیا تھا۔ پولیس نے کہا ہے کہ مشرا نے دفاعی تحقیق وترقی کی بھارتی تنظیم DRDO کی جانب سے تیار کئے گئے ڈرونس سے متعلق اہم معلومات فراہم کی تھی۔عہدیدار نے مزید کہا کہ دفاعی تنصیبات میں کام کرنے والے دیگر افراد کو ISI کی جانب سے نشانہ بنایا جارہا ہے۔x

## India UK Strategic Dialogue

بھارت اور برطانیہ کے درمیان سالانہ کلیدی مذاکرات کل نئی دلی میں منعقد ہوئے۔ بھارت کے قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے برطانیہ کے اپنے ہم منصب Tim Barrow کے ساتھ میٹنگ کی مشترکہ صدارت کی۔ میٹنگ کے دوران دونوں رہنماؤں نے جامع کلیدی شراکتداری کو وسعت دینے پر بات چیت کی اور عالمی سلامتی چیلنجوں پر تبادلۂ خیال کیا۔

وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ اِس میٹنگ کے حصے کے طور پر دونوں فریقوں نے سکیورٹی کے تمام معاملات کو شامل کرتے ہوئے وسیع تر تبادلۂ خیال کیا۔

انہوں نے کہا کہ میٹنگ کے دوران ٹیکنالوجی اور سکیورٹی سے متعلق نئے اقدامات پر توجہ دی گئی جو ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیوں کے تئیں تعاون کو مستحکم کرنے کی غرض سے ایک بڑا باہمی طریقۂ کار ہوگا۔

انہوں نے کہا کہ دونوں فریقوں نے علاقائی امور اور آپسی مفاد کے عالمی معاملات پر بھی گفتگو کی۔ انہوں نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ اِس دورے سے بھارت اور برطانیہ کے درمیان جامع کلیدی شراکت داری کو مزید تقویت ملے گی۔

دورے کے حصے کے طور پر برطانیہ کے قومی سلامتی کے مشیر نے وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے بھی ملاقات کی اور علاقائی وعالمی اہمیت کے بہت سے معاملات پر بات چیت کی۔ دونوں شخصیتوں نے بھارت-برطانیہ باہمی تعلقات میں پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔ x

Rev IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے پیشگوئی کی ہے کہ اُن علاقوں میں جہاں پیر کو لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے، گرمی نہیں ہوگی۔

9 ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام ایک علاقے کی 96 لوک سبھا سیٹوں پر، اِس مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔ یہ ریاستیں اور علاقے ہیں: اترپردیش، تلنگانہ، مہاراشٹر، مدھیہ پردیش، ہماچل پردیش، بہار، مغربی بنگال، اوڈیشہ، جھارکھنڈ، آندھراپردیش اور جموں وکشمیر۔

بھارت کے مشرقی اور جنوب مشرقی حصے میں گرمی کا موسم رہے گا اور کرناٹک کے اندرونی علاقوں میں گرمی کچھ کم رہے گی۔ شمال مغربی اور مغربی ہمالیائی خطے نیز بھارت کے جنوبی علاقوں میں اگلے تین چار روز تک بارش کے ساتھ گرج چمک کے ساتھ چھینٹے کا امکان ہے۔

اگلے دو روز کے لیے تمل ناڈو، کیرالا اور اندرونی کرناٹک سمیت جنوبی بھارت کے کچھ علاقوں کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔x

Indian Navy Bhalla

وائس ایڈمرل سنجے بھلّا نے آج بھارتی بحریہ کے اہلکاروں کے سربراہ کے طور پر اپنا عہدہ سنبھال لیا۔ وہ پہلی جنوری 1989 کو بھارتی بحریہ میں شامل ہوئے تھے۔ اُنھیں اُن کی نمایاں خدمات کے اعتراف میں Ati Vishisht سیوا میڈال، Nao Sena میڈل سے نوازا جا چکا ہے۔ اِس کے علاوہ اُنھیں بحری عملے کے سربراہ اور فلیگ آفیسر کمانڈنگ اِن چیف کی طرف سے توصیف نامے بھی دیئے گئے ہیں۔ x

Five Indian Sailors Released

بھارت نے ایک سفارتی پیش رفت یہ حاصل کی ہے کہ ایک اسرائیلی پرچم بردار جہاز میں سوار پانچ بھارتی ملاحوں کو رہا کردیا گیا ہے اور انہیں ایران سے روانہ کردیا گیا ہے۔ اِس جہاز کو ایران نے اپنے قبضے میں لے لیا تھا۔

بھارتی سفارتخانے نے کل اِن بھارتیوں کی رہائی کی تفصیلات بتاتے ہوئے بندر عباس میں سفارتخانے اور بھارتی قونصل خانے کے ساتھ قریبی تال میل پر ایرانی حکام کا شکریہ ادا کیا۔

اسرائیلی پرچم بردار جہاز کو جس میں 17 بھارتی شہری سوار تھے 13 اپریل کو ایران نے اپنے قبضے میں لیا تھا۔

وزارت خارجہ نے یہ بھی کہا ہے کہ 17 میں سے ایک بھارتی ملاح بحفاظت بھارت واپس آ گیا ہے اور دیگر

ملاح بھی محفوظ ہیں۔ جب سمجھوتے کی شرائط پوری ہوجائیں گی تو انہیں بھی رہا کردیا جائے گا۔
بھارت میں ایرانی سفیر Iraj Elahi نے بھی کہا ہے کہ بھارتی شہریوں اور MSC Aries کے عملے کے ارکان کو حراست میں نہیں لیا گیا تھا اور اب وہ روانہ ہوسکتے ہیں۔x

## IPL Cricke

آئی پی ایل کرکٹ میں آج احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات Titans کا مقابلہ چنئی Super کنگس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے 7 بجے شروع ہوگا۔ کل رات ہماچل پردیش کے دھرم شالہ میں رائل چیلنجرس بینگلورو نے پنجاب کنگز کو 60 رن سے ہرا دیا۔ بینگلورو نے پنجاب کنگز کے سامنے جیت کے لئے 242 رن کا نشانہ رکھا لیکن پنجاب کنگس کی پوری ٹیم 17 اوورس میں 181 رن بناکر آؤٹ ہوگئی۔ اس سے پہلے پنجاب کنگز نے رائل چیلنجرس بینگلورو کو پہلے بلے بازی کرنے کو کہا تھا جس کے بعد اس نے مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ پر 241 رن بنائے۔ وراٹ کوہلی نے 47 گیندوں میں 92 رن بنائے۔ انہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ وہ پنجاب کنگس کے خلاف آئی پی ایل میں ایک ہزار سے زیادہ رن بنانے والے کھلاڑی بھی بن گئے ہیں۔x

## Fih Hockey Pro League

ہاکی انڈیا نے 24 ارکان پر مشتمل مردوں کی بھارتی ہاکی ٹیم کا اعلان کردیا ہے جو 24-2023 کے ایف آئی ایچ ہاکی پرو لیگ میں حصہ لے گی۔ یہ مقابلے Antwerp، بیلجیئم اور لندن میں کرائے جائیں گے۔ بیلجیئم کا مرحلہ 22 مئی کو شروع ہوگا اور 30 مئی کو ختم ہوگا جبکہ انگلینڈ کا مرحلہ یکم جون سے 12 جون تک منعقد کیا جائے گا۔
بھارت، ارجنٹینا، بیلجیئم، جرمنی اور برطانیہ کے ساتھ دونوں مرحلوں میں، دو-دو مرتبہ کھیلے گا۔ ارجنٹینا سے اُس کے مقابلوں کا آغاز 22 مئی سے ہوگا۔ بھارت، پوائنٹس کی فہرست میں فی الحال تیسرے مقام پر ہے۔ اُسے 8 میچوں سے، 15 پوائنٹس حاصل ہیں۔
بھارتی ٹیم کی قیادت ہرمن پریت سنگھ کریں گے جبکہ مڈفیلڈر ہاردک سنگھ نائب کپتان ہوں گے۔x

☆☆☆